عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ لائل پور
ڈجکوٹ روڈ

Marfat.com

مَنْ یُرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پر نور اعلیحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا

الناشر: سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

Marfat.com

واللہ تعالیٰ اعلم۔ زمین ارواح چھین لینا خرافات مخترعہ جہال سے ہے۔ سیدنا عزرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام رسل ملائکہ سے ہیں اور رسل ملائکہ اولیائے بشر سے بالاجماع افضل۔ مسلمان کو ایسے اباطیل واہیہ سے احتراز لازم واللہ الہادی۔

تنبیہ: منبای انکار یہ عزادات ہے ورنہ ممکن کہ سیدنا عزرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کچھ روحیں بامرالٰہی قبض فرمائی ہوں اور حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعا سے باذن الٰہی پھر اپنے اجسام میں پلٹ آئی ہوں کہ احیای مردہ حضور پرنور و دیگر محبوبان خدا سے ایسا ثابت جس کے انکار کی گنجائش نہیں۔ یونہی ممکن کہ حضرت ملک الموت نے بنظر صحائف و اثبات قبض بعض ارواح شروع کیا اور علم الٰہی میں قضائے ابرام نہ پایا تھا بہ برکت دعای محبوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبض سے باز رکھے گئے ہوں امام عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ الربانی کتاب مستطاب لواقح الانوار میں حالات حضرت سیدی شیخ محمد شربینی قدس سرہ میں لکھتے ہیں لما ضعف ولدہ احمد واشرف علی الموت وحضرت عزرائیل لقبض روحہ قال لہ الشیخ ارجع الی ربک فراجعہ فان الامر نسخ فرجع عزرائیل وشفی احمد من تلک الضعفۃ وعاش بعدھا ثلثین عاما یعنی جب ان کے صاحبزادے احمد ناتوان ہوکر قریب مرگ ہوئے اور حضرت عزرائیل علیہ الصلاۃ والسلام ان کی روح قبض کرنے آئے حضرت شیخ نے ان سے گزارش کی کہ اپنے رب کی طرف واپس جائیے اس سے پوچھ لیجئے کہ حکم موت منسوخ ہوچکا ہے۔ عزرائیل علیہ الصلاۃ والسلام پلٹ گئے صاحبزادہ نے شفا پائی اور اس کے بعد تیس سال برس زندہ رہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

یونہی جسکا یہ عقیدہ ہو کہ حضور پرنور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ حضرت جناب افضل الاولیاء المحمدیین سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل یا انکے ہمسر ہیں گمراہ بد مذہب ہے سبحان اللہ اہلسنت کا اجماع ہے کہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام الاولیاء و مرجع العرفاء امیر المومنین مولی المسلمین سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے بھی اکرام و افضل و اتم و اکمل ہیں۔ جو اسکا خلاف کرے اسے بدعتی شیعی رافضی مانتے ہیں۔ نہ کہ حضور غوثیت مآب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تفضیل دینی معاذ اللہ انکار آیات قرآنیہ و احادیث صحیحہ و خرق اجماع امت مرحومہ ہے ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العظیم یہ مسکین اپنے زعم میں سمجھا کہ میں نے حق محبت حضور پرنور سلطان غوثیت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ادا کیا کہ حضور کو ملک مقرب پر غالب

Marfat.com